روزنامہ
جہان پاکستان
کراچی

02-03-2013

لاہور میں نیشنل ایکسچینج کمپنی کی نئی برانچ کا افتتاح

لاہور (کامرس ڈیسک) نیشنل بینک کی ذیلی کمپنی نیشنل ایکس چینج کمپنیز سمندر پار پاکستانیوں کی رقوم ان کے اہل خانہ کو تیز ترین طریقے سے فراہم کر رہی ہے۔ رواں سال اس کی برانچوں کی تعداد 16 تک پہنچ جائے گی۔ نیشنل ایکس چینج کمپنی کے چیئرمین اور سینئر ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ خالد بن شاہین نے کیولری گراؤنڈ لاہور کینٹ میں نیشنل ایکس چینج کمپنی کی برانچ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل ایکس چینج کمپنی کی رحیم یار خان اور بہاولپور میں بھی نئی برانچیں کھولی جا رہی ہیں کیونکہ قومی بینک ہونے کے باعث ہماری ایکس چینج کمپنی پر عوام کا اعتماد بڑھ رہا ہے یہی وجہ ہے کہ دیگر ایکس چینج کمپنیوں کی نسبت نیشنل ایکسچینج کمپنی کا فارن کرنسی کا کاروبار تیزی سے بڑھ رہا ہے، اس وقت ہمارا مارکیٹ شیئر 12 فی صد سے زیادہ ہے۔

لاہور: نیشنل بینک کے گروپ چیف خالد بن شاہین این بی پی ایکس چینج کمپنی کی نئی برانچ کا افتتاح کر رہے ہیں